SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
April 8, 2017
For immediate release

ایس ای سی پی نے مارچ میں آٹھ سوانیس نئی کمپنیاں رجسٹر کیں

اسلام آباد، ۸اپریل: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے مارچ میں آٹھ سوانیس نئی کمپنیاں رجسٹر کیں جس میں پچھلے سال کی نسبت چونتیس فیصد اضافہ دیکھا گیا۔ موجودہ مالی سال کے پہلے نو ماہ میں پانچ ہزار آٹھ سو اٹھاون نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جو پچھلے سال کے مقابلے تین تیس فیصد نمو کی نشاندہی کرتا ہے۔ کمپنی کی تشکیل میں یہ اضافہ ایس ای سی پی کی جانب سے متعدد سہولتی اقدامات کا نتیجہ ہے۔

رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں چھیاسی فی صد پرائیویٹ لمیٹڈ، جبکہ گیارہ فی صد سنگل ممبر کمپنی کے طور پر رجسٹر ہوئیں۔ تین فی صد کمپنیاں پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش ایسوسی ایشن اور غیر ملکی کمپنیوں کے طور پر رجسٹر ہوئیں۔

سب سے زیادہ کمپنیاں خدمات کے شعبے میں رجسٹرڈ ہوئیں جن کی تعداد ایک سو چھ ہے، تعمیرات میں ننانوے، تجارتی شعبے میں بانوے، انفرمیشن ٹیکنالوجی میں چوراسی، سیر و سیاحت میں پنتالیس، تعلیم میں بتیس، ٹیکسٹائل میں اٹھائیس، مواصلات میں ستائیس، خوراک و مشروبات میں چھبیس، انجنیئرنگ میں تئیس، کارپوریٹ پیشہ زراعت میں بیس، رئیل اسٹیٹ میں انیس، ادویہ سازی اور بجلی کی پیداوار میں اٹھارہ، کیبل اور الیکٹرک مصنوعات اور مواصلات میں سترہ، آٹو اینڈ الائیڈ میں پندرہ، شعبہ صحت میں چودہ، ایندھن و توانائی میں تیرہ، پیپر اور بورڈ میں گیارہ اور پچانوے کمپنیاں دیگر شعبوں میں رجسٹر ہوئیں۔ اس کے علاوہ نو بین الاقوامی کمپنیاں لاہور، کراچی اور اسلام آباد کے سی آر اوز میں رجسٹر ہوئیں۔

علاوہ ازیں باون نئی کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان سرمایہ کاروں کا تعلق آسٹریلیا، کینیڈا، جزائز ہائے کیمن، چین، ڈنمارک، جرمنی، اٹلی، جاپان، جنوبی کوریا، لبنان، سنگاپور، ترکی، برطانیہ اور امریکہ سے ہے۔ یہ سرمایہ کاری مختلف شعبوں میں ہوئی۔

سب سے زیادہ رجسٹریشن اسلام آباد کے کمپنی رجسٹریشن آفس میں ہوئی جہاں دو سو ساٹھ کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جبکہ دو سو اٹھاون لاہور، ایک سو ستتر کراچی، پشاور میں اکتالیس، ملتان میں تینتیس، فیصل آباد میں انیس، کوئٹہ میں تیرہ، سکھر میں تین اور گلگت بلتستان میں پندرہ کمپنیاں رجسٹر ہوئی۔